**18.09.2024**
**13.50 Hrs**
**HL**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں.............................ضمیر رضوی

**Music**

---

☆ جموں وکشمیر کے 24 حلقوں میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کے لیے ووٹ ڈالے جانے کا عمل جاری ہے۔ دِن کے ایک بجے تک 41 اعشاریہ ایک سات فیصد ووٹ ڈالے گئے تھے۔
☆ دِلّی کی ایک عدالت نے روزگار کے بدلے زمین معاملے میں ریلوے کے سابق وزیر لالو پرساد اور اُنکے بیٹے تیجسوی یادو کو سمن جاری کیا ہے۔
☆ IMD نے مدھیہ پردیش، اترپردیش، راجستھان ،ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تری پورہ، انڈمان اور نکوبار اور جزیروں کے بعض علاقوں میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔
☆ اور بیڈمنٹن میں Malvika Bansod نے Changzhou میں چائنا اوپن 2024 کے خواتین کے سنگلز کے پہلے راؤنڈ میں پیرس اولمپکس میں کانسے کا تمغہ جیتنے والے کھلاڑی Gregoria Tunjung کو ہرادیا ہے۔

**Music**
اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

## J&K Assembly Election

جموں وکشمیر کے 24 حلقوں میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کے لیے ووٹ ڈالے جانے کا عمل جاری ہے۔ دِن کے ایک بجے تک 41 اعشاریہ ایک سات فیصد ووٹ ڈالے گئے تھے۔ جموں میں 19 ، اُودھم پور میں ایک اور دلی میں چار پولنگ اسٹیشن قائم کیے گئے ہیں، تاکہ پہلے مرحلے میں 35 ہزار سے زیادہ کشمیری پنڈت اپنے حق رائے دہی کا استعمال کرسکیں۔ ووٹنگ شام چھ بجے ختم ہوجائے گی۔

## Court Lalu Summon

دلی کی ایک عدالت نے آج ریلوے کے سابق وزیر لالو پرساد یادو، اُن کے بیٹے اور بہار کے سابق نائب وزیر اعلیٰ تیجسوی یادو اور دیگر کو زمین کے عوض ملازمتوں سے وابستہ کالے دھن کو جائز بنانے کے معاملے میں سمن جاری کیا ہے۔ دلی کی راؤز ایوینیو عدالت نے اِس معاملے میں تیج پرتاپ یادو کو بھی سمن جاری کیا ہے۔ وہ لالو پرساد یادو کے بڑے بیٹے ہیں۔ خصوصی جج وشال گوگنے نے ملزمان کو ہدایت دی ہے کہ وہ 7 اکتوبر کو عدالت کے سامنے پیش ہوں۔ انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ کے مطابق یہ کیس 2004 سے 2009 کے دوران ریلوے کے مغربی وسطی زون میں گروپ

ڈی کی تقرریوں سے متعلق ہے۔ اُس وقت لالو پرساد ریلوے کے وزیر تھے۔ اِن نوکریوں کے عوض RJD کے سربراہ کے اہل خانہ اور ساتھیوں کے نام پر زمینیں تحفے کے طور پر منتقل کی گئی تھیں۔x

**Puri-Bamboo Stock**

پٹرولیم اور قدرتی گیس کے مرکزی وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے کہا ہے کہ بھارت کے شمال مشرقی خطے میں 55 ملین ٹن بانس اُگایا جاتا ہے جو ملک کے مجموعی وسائل کا 66 فیصد ہے۔
سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب پوری نے آج کہا کہ وزیر اعظم کی جانب سے شروع کئے گئے قومی بامبو مشن سے زرعی آمدنی میں اضافہ ہوتا ہے، موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے میں مدد ملتی ہے اور بائیو ایتھینول کو فروغ ملتا ہے۔ جناب پوری نے اس جانب بھی توجہ مبذول کرائی کہ آسام میں قائم بھارت کی پہلی 2G ایتھینول بائیو ریفائنری، نمالی گڑھ ریفائنری، مقامی کسانوں اور معیشت کی مدد کرتے ہوئے بانس کو ایتھینول میں تبدیل کرنے کے مقصد سے شروع کی گئی ہے۔x

**IMD**

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے مدھیہ پردیش، اترپردیش اور راجستھان میں آج بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کہا ہے کہ ہریانہ، چنڈی گڑھ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تریپورہ اور انڈمان و نکوبار جزائر کے علاقوں میں بھی الگ الگ مقامات پر شدید بارش کا امکان ہے۔ اِسی دوران اترپردیش میں شدید بارش اور باندھوں سے دریاؤں میں مسلسل پانی چھوڑے جانے کے سبب ریاست کے 24 ضلعوں میں 5 لاکھ سے زیادہ افراد سیلاب سے متاثر ہیں۔

**Day Re Invest Bhupendra Yadav**

ماحولیات، جنگلات اور آب و ہوا کی تبدیلی کے مرکزی وزیر بھوپیندر یادو نے آج کہا کہ ایک پائیدار معاشرے کیلئے مستحکم ترقی کی طرف بڑھنے کا وقت آگیا ہے۔ آج گاندھی نگر میں قابل تجدید توانائی عالمی سرمایہ کاری Re-Invest میٹنگ میں کاربن کے صفر اخراج کا نشانہ حاصل کرنے کیلئے بھارت کی راہ کے موضوع پر ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے پائیدار اقتصادی ترقی حاصل کرنے کے لئے کاربن کے اخراج کو کم کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت جی ٹوئنٹی ملکوں میں واحد ملک ہے جس نے پیرس میں طے کئے گئے آب و ہوا کی تبدیلی سے متعلق اہداف کو 9 سال پہلے ہی حاصل کرلیا ہے۔
جناب مانڈویا نے آنے والی نسلوں کیلئے کاربن کے اخراج کو کم کرنے والی ٹیکنالوجیز کو فروغ دینے، قابل تجدید توانائی کو مضبوط بنانے، آلودگی سے پاک نقل و حمل اور فوسل ایندھنوں کو معقول بنانے پر بھی زور دیا۔ تین روزہ ری انویسٹ عالمی میٹنگ اور نمائش آج اختتام پذیر ہوگی۔ x

**100 Days Infra**

مودی سرکار نے تیسری میعاد کیلئے اقتدار میں آنے کے بعد اپنے پہلے 100 دِن مکمل کرلیے ہیں۔ اِس مدت کے دوران حکومت نے پندرہ لاکھ کروڑ روپے مالیت کے پروجیکٹوں کا آغاز کیا ہے، جس میں بنیادی ڈھانچے، کسان، متوسط

طبقے، خواتین اور نوجوانوں پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔ حکومت کے اہم اقدامات میں 900 کلومیٹر میں پھیلے ہوئے 8 تیز رفتار Greenlit سڑک کاریڈو پروجیکٹ شامل ہیں۔
اچھی کارکردگی کی Bio Manufacturing کو فروغ دینے کی غرض سے حکومت نے Bio E3 پالیسی کا آغاز کیا ہے، جس کا مقصد اقتصادی فائدے پہنچانا، ماحولیاتی استحکام میں مدد کرنا اور روزگار کے مواقع پیدا کرنا ہے۔
بھارت کو مینوفیکچرنگ کا ایک عالمی مرکز بنانے کے مقصد کے حصول کیلئے اس میں 28 ہزار 600 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری سے 12 صنعتی Nodes کو منظوری دی ہے۔
چھوٹے کاروباریوں کو بااختیار بنایا گیا ہے، کیونکہ مدرا قرضے کی حد دَس لاکھ سے بڑھاکر 20 لاکھ روپے کردی گئی ہے اور کریڈٹ گارنٹی اسکیم نافذ کی گئی ہے۔ Angel ٹیکس کو ختم کردیا گیا ہے، تاکہ جدت طرازی کو بڑھاوا دیا جاسکے اور ملک کے اسٹارٹ اَپ اِیکو نظام کو فروغ دیا جاسکے۔ ملک کے خلائی شعبے میں ترقی کے لیے حکومت نے اِسپیس اِسٹارٹ اَپس کے لیے ایک ہزار کروڑ روپے مالیت کا ایک Venture Capital Fund شروع کیا ہے۔x

## PM US Visit

وزیراعظم نریندر مودی اِس مہینے کی 21سے 23 تاریخ تک امریکہ کا دورہ کریں گے۔ وہ 21 ستمبر کو Delaware میں Wilmington شہر میں منعقد ہونے والی، کواڈ رہنماؤں کی چوتھی سربراہ میٹنگ میں شرکت کریں گے۔
وزارت خارجہ نے بتایا کہ سربراہ کانفرنس میں رہنما پچھلے ایک سال کے دوران کواڈ کی طرف سے کی گئی پیشرفت کا جائزہ لیں گے۔ وہ بھارت-بحرالکاہل خطے کے ملکوں کی مدد کیلئے اگلے سال کا ایجنڈا طے کریں گے۔ یہ ایجنڈا اِن ملکوں کے ترقیاتی مقاصد اور امنگوں کو پورا کرنے سے متعلق ہوگا۔
جناب مودی نیویارک میں اس مہینے کی 23 تاریخ کو اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں ''مستقبل کی سربراہ کانفرنس'' سے خطاب کریں گے۔ اس کانفرنس کا موضوع ہے: ''ایک بہتر کل کیلئے کثیر جہتی طریقۂ کار''۔X

## J&K withdraw Nomination

جموں وکشمیر میں 34امیدواروں نے اپنے نام واپس لے لیے ہیں، جس کے بعد اسمبلی انتخابات کے تیسرے مرحلے میں چالیس اسمبلی حلقوں کے لیے 415 امیدوار چناؤ میدان میں رہ گئے ہیں۔ اسمبلی انتخابات کے تیسرے اور آخری مرحلے کیلئے کاغذات نامزدگی واپس لینے کا کل آخری دِن تھا۔ اِس مرحلے میں ایک اکتوبر 2024 کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔x

## I&B Ek Ped Maa Ke Nam

اطلاعات و نشریات کی وزارت نے ایک پیڑ ماں کے نام مہم کے تحت اَب تک تقریباً 7 ہزار پودے لگائے ہیں۔ وزارت نے ملک بھر کے شہری اور دیہی علاقوں میں اپنے فیلڈ دفاتر کے ذریعہ یہ پودے لگائے ہیں۔ اِس مہم کا آغاز وزیراعظم نریندرمودی نے اِس سال ماحولیات کے عالمی دِن کے موقع پر کیا تھا۔
اطلاعات و نشریات کی وزارت نے پودے لگانے کے کام کا آغاز اگست کے دوسرے ہفتے سے شروع کیا تھا۔ وزارت نے کہا ہے کہ 17 ستمبر سے یکم اکتوبر 2024 تک ''سوچھتا ہی سیوا'' مہم کے دوران شجرکاری کی مہم میں تیزی لانے کی کوششیں کی جارہی ہیں۔ x

**SL Prez Election**

سری لنکا میں صدارتی انتخابات کیلئے چناوٴ مہم آج آدھی رات کو ختم ہوجائے گی۔ ملک کے انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ شفاف اور آزادانہ انتخابی عمل کو یقینی بنانے کیلئے سخت ضابطے نافذ کئے گئے ہیں۔x

**Mandaviya NADA**

نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے کہا ہے کہ حکومت زمینی سطح سے صلاحیت مند کھلاڑیوں کو تلاش کرنے کے لئے جامع تربیت اور بنیادی ڈھانچہ فراہم کرنے کے لئے پُر عزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ جامع نقطۂ نظر اِس بات کو یقینی بنائے گا کہ ہر کوئی قابلیت اور پس منظر سے قطع نظر مہارت حاصل کرکے ملک کی کامیابی میں اپنا کردار ادا کرسکتا ہے۔ وزیر موصوف آج نئی دلی میں ڈوپنگ کی انسداد سے متعلق قومی ایجنسی NADA کے زیر اہتمام ایک جامع کنکلیو کے دوران خطاب کررہے تھے۔ جناب مانڈویا نے زور دے کر کہا کہ NADA معذور کھلاڑیوں پر توجہ مرکوز کرنے والے ڈوپنگ مخالف جامع تعلیمی پروگراموں پر کام کررہا ہے۔
وزیر موصوف نے مزید کہا کہ ڈوپنگ کی انسداد سے متعلق ادارے نے ڈوپنگ مخالف مواد تیار کرنے کے لئے وزارت تعلیم کے ساتھ مفاہمت کے ایک اقرار نامے پر دستخط بھی کئے ہیں۔ جناب مانڈویا نے پیرا ایتھلیٹس کے لئے حکومت کے اقدامات جیسے کھیلو انڈیا پیرا گیمز، اسپیشل اولمپکس بھارت اور سماعت سے محروم افراد کے لئے کُل ہند اسپورٹس کونسل وغیرہ کو بھی اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ کھیلو انڈیا اسکیم کے تحت حکومت نے معذور افراد کیلئے بنیادی ڈھانچے اور تربیت کی غرض سے تقریباً 25 کروڑ روپے مختص کئے ہیں۔x

**Bangla desh Army Executive**

بنگلہ دیش میں پروفیسر محمد یونس کی سربراہی والی عبوری حکومت نے بنگلہ دیش کی فوج کے کمیشنڈ افسروں کو ایگزیکیٹیو مجسٹریٹ کے اختیارات دیئے ہیں، تاکہ نظم ونسق کی صورتحال کو بہتر بنایا جاسکے۔ پبلک ایڈمنسٹریشن کی وزارت کی جانب سے کُل جاری کیے گئے ایک گیزٹ نوٹیفکیشن کے مطابق مجاز فوجی افسران اگلے ساٹھ دنوں تک پورے ملک میں ضلع مجسٹریٹس کی نگرانی میں ایگزیکیٹیو مجسٹریٹ کے طور پر کام کر سکیں گے۔ x

**Badminton China Open**

بیڈمنٹن میں، بھارتی کھلاڑی مالوکا بنسوڑ نے چائنا اوپن 2024 کے BWF سُپر 1000 مقابلوں میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے عالمی نمبر سات اور پیرس اولمپک میں کانسے کا تمغہ جیت چکی گرے گوریا ٹُن جُنگ کو خواتین کے سنگلز کے پہلے راوٴنڈ میں شکست دے دی۔
بنسوڑ نے انڈونیشیائی کھلاڑی کو سیدھے سیٹوں میں 26-24 اور 21-19 سے ہرایا۔
دوسری جانب ڈبلز مقابلوں میں ٹریسا جولی اور گائتری گوپی چند کی جوڑی پہلے راوٴنڈ میں ہار کر باہر ہوگئی ہے۔x

☆☆☆